بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اشد الناس حیاءً صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تمام مخلوق میں سے سخت حیا کرنیوالے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :
" إِنَّ ذٰلِكُم كَانَ يُؤْذِى النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِى مِنكُمْ "
(سورة الاحزاب ٥٣)

اشارہ ہے اس قول کی طرف :
" یہ باتیں ہمارے حبیب ﷺ کو تکلیف دیتی ہیں ۔ وہ تم سے حیا کرتے ہیں

و كان اشد الناس حياءً لا يثبت بصره فى وجه احد ۔
(احیاء العلوم ج ٢ ص ٣٥٥)

اور آپ ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ حیا والے تھے ، کبھی آپ ﷺ نے کسی کی طرف نگاہ ٹکا کر نہیں دیکھا ۔

قال ابن عباس رضی اللہ عنہ فكان اول شئ رأى النبى صلى الله عليه وسلم من النبوة ان قيل له استر فما رؤيت عورته من يومئذ
(دلائل النبوۃ ج ١ ص ٦٠)

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ سب سے پہلی چیز جو حضور اقدس ﷺ کو پیغمبری ملنے کے بعد دکھائی دی وہ یہ تھی کہ آپ ﷺ کو کہا گیا کہ پردہ کریں ، پھر اس دن کے بعد آپ ﷺ کی شرمگاہ کسی نے نہیں دیکھی ۔